Internal

# کینرا بینک

## محفوظ جمع لاکر معاہدہ( FN 285)

| لاکر نمبر | | چابی نمبر | | درجہ/سائز/قسم | |
|---|---|---|---|---|---|

یہ معاہدہ........................................سن...........20.................................کے................دن،درج ذیل فریقین کے درمیان طے پایا:

1.........................................ولد/دختر/زوجہ.......................................عمر.............،سال...............سا کن. ......................................... ...................................................................................

2.........................................ولد/دختر/زوجہ.......................................عمر.............،سال...............سا کن. ......................................... ...................................................................................

3.........................................ولد/دختر/زوجہ.......................................عمر.............،سال...............سا کن. ......................................... ...................................................................................

................................................................................................... (پورانام اور رہائشی پتہ) جنہیں بعد ازاں **"کرایہ دار" (Hirer)** کہاجائے گا،اوراس اصطلاح میں،جب تک کہ سیاق وسباق کے منافی نہ ہو،درج ذیل بھی شامل سمجھے جائیں گے

a) ایک یازیادہ افراد،اس کے/ان کے وارث/وارثان،عامل/عاملین((executor(s)،منتظم/منتظمین((administrator(s))اور قانونی نمائندہ/گان

Internal

b) واحد ملکیتی فرم،مالک(proprietor)اور،اس کے/ان کے وارث/وارثان،عامل/عاملین،منتظم/منتظمین اور قانونی نمائندہ/گان

c) ایک شراکتی (Partnership) فرم،ایسی فرم اوراس کا جانشین،اس فرم کے شرکاء،ان میں سے زندہ بچ جانے والا یابچ جانے والے شرکاء،اوران میں سے ہر ایک کے وارث/وارثان،عامل/عاملین،منتظم/منتظمین اور قانونی نمائندہ/نمائندگان؛

d) ایک ہندو غیر منقسم خاندان(HUF)،اس کے ارکان اوران کے لواحقین،قانونی وارث/وارثان،عامل/عاملین،منتظم/منتظمین،قانونی نمائندہ/نمائندگان اور

e) ایک لمیٹڈ کمپنی،اس کے جانشین۔

ایک فریق کی حیثیت سے:

اور

اور دوسری جانب کینرا بینک،جو بینکاری کمپنیوں(اداروں کے حصول اور انتقال) ایکٹ، 1970 کے تحت قائم ایک باقاعدہ کارپوریٹ ادارہ ہے،جس کا مرکزی دفتر112،جے سی روڈ،بنگلورو– 560002 میں واقع ہے اور جس کی ایک شاخ ................................................ میں قائم ہے،جسے بعد ازاں اس معاہدے میں **بینک** کہاجائے گا،اوراس اصطلاح میں،سیاق وسباق کے خلاف نہ ہونے کی صورت میں،بینک کے منتظمین،تفویض کردہ نمائندگان اور جانشین بھی شامل سمجھے جائیں گے۔

Internal

Internal

(بینک اور کرایہ دار کو انفرادی طور پر " **پارٹی**" (Party) اور اجتماعی طور پر "**پارٹیز**" (Parties) کہا جاتا ہے)

**جبکہ**

(a) کرایہ دار محفوظ ڈپازٹ لاکر کی سہولت سے فائدہ اٹھانے کے خواہشمند ہیں، اس نے اس سہولت کے لیے بینک سے رابطہ کیا ہے۔

(b) بینک کچھ شرائط و ضوابط کے تحت کرایہ دار کو محفوظ ڈپازٹ لاکر کی سہولت فراہم کرنے پر راضی ہے۔ اور

(c) فریقین نے اس سلسلے میں اپنے درمیان مفاہمت طے کرنے کے لیے اس معاہدے میں داخل ہونے کا فیصلہ کیا ہے۔

**اب یہ معاہدہ اس امر کی گواہی دیتا ہے کہ** بینک نے کرایہ دار / کرایہ داران کو محفوظ جمع لاکر نمبر.......................... درجہ / سائز / قسم .......................... سالانہ کرایہ روپے .......................... پر (جیسا کہ اس معاہدے کے شیڈول میں تفصیل سے درج ہے) کرایہ پر فراہم کیا ہے، جو پیشگی، بغیر مطالبہ کے قابل ادائیگی ہوگا اور جس میں وقتاً فوقتاً کرایہ میں ترمیم کا اختیار محفوظ رہے گا۔

**حسب ذیل پارٹیز کے ذریعہ اور ان کے مابین یہ اتفاق ہے:**

## 1. لاکر لائسنس

1.1 بینک، بطور لائسنس دہندہ (Licensor)، اس معاہدے میں درج شرائط و ضوابط کے تابع، کرایہ دار کو بطور لائسنس یافتہ (Licensee) محفوظ جمع لاکر استعمال کرنے کا لائسنس عطا کرتا ہے، جس کی تفصیلات اس معاہدے کے شیڈول میں واضح طور پر درج ہیں (جسے آئندہ "**لاکر**" کہا جائے گا)۔

Internal

1.2 کرایہ دار، اس معاہدے کے تحت عطا کردہ لائسنس کو شیڈول میں متعین کردہ فیس، جو "**کرایہ**" (Rent) کے طور پر قابل ادا ہے، کی بنیاد پر قبول کرتا ہے۔

1.3 اس معاہدے کے تحت لاکر کے استعمال کے لیے دیا گیا لائسنس درج ذیل نوعیت کا ہوگا:

(a) یہ لائسنس ذاتی نوعیت کا ہوگا اور صرف کرایہ دار کے اپنے استعمال کے لیے ہوگا، اور کرایہ دار کے علاوہ کسی دوسرے شخص کے استعمال کے لیے نہیں ہوگا؛

(b) یہ ناقابل انتقال ہوگا؛

(c) لاکر صرف جائز مقاصد کے لیے استعمال کیا جائے گا، مثلاً قیمتی اشیاء جیسے زیورات اور دستاویزات کو محفوظ رکھنے کے لیے، تاہم اس میں کسی قسم کی نقد رقم یا کرنسی رکھنا ممنوع ہوگا؛

(d) یہ لاکر درج ذیل ذخیرہ کرنے کے لیے نہیں ہے:

(i) اسلحہ، ہتھیار، دھماکہ خیز مواد، منشیات اور / یا کوئی بھی ممنوعہ یا غیر قانونی شے؛ اور / یا

(ii) کوئی بھی خراب ہونے والی اشیاء، تابکار مواد اور / یا کوئی غیر قانونی مادہ؛ اور / یا

(iii) کوئی بھی ایسی شے جو بینک یا اس کے کسی بھی صارف کے لیے خطرہ یا خلل کا باعث بن سکتی ہو۔

Internal

Internal

1.4 لاکر بینک کی واحد ملکیت ہے اور کرایہ دار/کرایہ داران کو اس معاہدے کے تحت بیان کردہ شرائط وضوابط کے مطابق لاکر تک رسائی اور استعمال کرنے کا حق حاصل ہوگا۔

1.5 اگر بینک کو اس بات کا شبہ ہو کہ کرایہ دار/کرایہ داران نے محفوظ جمع لاکر میں کوئی غیر قانونی یا خطرناک شے رکھی ہے، تو بینک کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ بغیر پیشگی اطلاع دیے لاکر کو توڑ کر کھولے اور حالات کے مطابق کرایہ دار/کرایہ داران کے خلاف مناسب اور ضروری کارروائی کرے۔

1.6 کرایہ دار/کرایہ داران کو لاکر مندرجہ ذیل طریقے سے استعمال کرنے کی اجازت ہوگی:

(a) بینک کے یوم کار کے دوران، ان اوقات میں جو بینک وقتاً فوقتاً لاکر کے استعمال کے لیے مقرر کرے، اور اگر ایسے اوقات مقرر نہ کیے گئے ہوں تو بینک کے معمول کے کاروباری اوقات کے دوران۔ تاہم، اگر بینک کسی ایسے سبب کی بنا پر کام کرنے سے قاصر ہو جو اس کے اختیار سے باہر ہو، مثلاً سیلاب، ہنگامہ، کرفیو، تالہ بندی وغیرہ، تو ایسی صورت میں بینک لاکر کے استعمال کی اجازت دینے کا پابند نہیں ہوگا؛

(b) اس شرط کے ساتھ کہ کرایہ دار/کرایہ داران، بینک کی جانب سے مقرر کردہ طریقۂ کار کے مطابق، لاکر کے استعمال کی تفصیلات بینک کے ریکارڈ میں درج کریں؛

(c) اور اس شرط کے ساتھ کہ اگر بینک مطالبہ کرے تو کرایہ دار/کرایہ داران اپنی شناخت کے ثبوت فراہم کریں۔

**1(A). کرایہ دار کے حقوق**

Internal

(a) اس معاہدے کی شرائط کے تابع، کرایہ دار/کرایہ داران کو اپنے سامان کو محفوظ رکھنے کے لیے لاکر استعمال کرنے کا حق حاصل ہوگا، اور بینک سے یہ توقع کی جائے گی کہ وہ ایسے سامان کی حفاظت کے لیے مناسب نگہداشت فراہم کرے۔ اگر بینک اس ذمہ داری کو پورا کرنے میں ناکام رہے، تو کرایہ دار/کرایہ داران کو قابل اطلاق قوانین اور ضوابط کے تحت وقتاً فوقتاً دستیاب قانونی چارہ جوئی (remedies) اختیار کرنے کا حق حاصل ہوگا۔

(b) بینک، قابل اطلاق قوانین اور ضوابط کے تحت وقتاً فوقتاً نافذ کرایہ دار کے حقوق کو تسلیم کرتا ہے۔

**2(B). کرایہ دار کے وعدے اور ذمہ داریاں**

کرایہ دار مندرجہ ذیل امور کا پابند ہوگا:

(a) لاکر کا استعمال صرف اسی مقصد کے لیے کرے گا جس کے لیے یہ فراہم کیا گیا ہے، اور قابل اطلاق قوانین وضوابط کے مطابق کرے گا؛

(b) لاکر کے استعمال و آپریشن (operation) سے متعلق بینک کی جانب سے وقتاً فوقتاً مقرر کردہ تمام قواعد وضوابط کی پابندی کرے گا؛

(c) لاکر کھولنے کے لیے بینک کی جانب سے فراہم کردہ چابی، پاس ورڈ یا کسی بھی دیگر شناختی طریقۂ کار کو محفوظ مقام پر رکھے گا، اسے کسی دوسرے شخص کے ساتھ شریک نہیں کرے گا، اور اسے کسی غیر متعلقہ فرد کے ہاتھوں میں جانے سے روکے گا، تاکہ لاکر کے غیر مجاز استعمال سے بچا جا سکے؛

(d) لاکر کو صرف اور صرف بینک کی جانب سے فراہم کردہ چابی، پاس ورڈ یا دیگر شناختی طریقۂ کار کے ذریعے ہی استعمال کرے گا، اور کسی اور طریقے سے نہیں؛

Internal

Internal

(e)لاکر کے استعمال کے لیے فراہم کردہ چابی یا کسی بھی دیگر شناختی طریقۂ کار کے ساتھ چھیڑ چھاڑ نہیں کرے گا اور نہ ہی اس کی نقل (Duplicate) تیار کرے گا؛

(f)لاکر کے استعمال کے لیے فراہم کردہ چابی، پاس ورڈ یا دیگر شناختی طریقۂ کار کے گم ہو جانے کی صورت میں فوراً بینک کو اطلاع دے گا؛

(g)اگر وہ چابی، پاس ورڈ یا دیگر شناختی طریقۂ کار، جن کے گم ہونے کی اطلاع پہلے بینک کو دی جا چکی ہو، دوبارہ مل جائیں تو انہیں بلاتاخیر بینک کو واپس کرے گا؛

(h)مقررہ تاریخ پر بینک کو لاکر کا کرایہ ادا کرے گا، اور بینک کی جانب سے درج ذیل امور کے سلسلے میں اٹھائے گئے تمام اخراجات برداشت کرے گا:

(i) بینک کی فراہم کردہ چابی کے گم ہونے کی اطلاع پر لاک تبدیل کرنے اور لاکر کی مرمت کے اخراجات؛

(ii) اس معاہدے کی شرائط کے مطابق لاکر کو توڑ کر کھولنے کے اخراجات؛

(i)کرایہ دار کے پتے میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں، نیا پتہ اور تازہ رابطہ کی تفصیلات (بشمول فون نمبر، موبائل نمبر، ای میل آئی ڈی وغیرہ) فراہم کرتے ہوئے فوراً بینک کو مطلع کرے گا۔

## 2.2 کرایہ دار/کرایہ داران کا ایجنٹ (اگر کرایہ دار فرد ہو)*

(اگر قابل اطلاق نہ ہو تو تصدیق کے تحت اسے کاٹ دیا جائے)

2.2.1 کرایہ دار/کرایہ داران اس معاہدے کے ذریعے اپنے ایجنٹ جناب/محترمہ........................................................ولد/دختر/زوجہ ......... ....................، عمر ................سال، ساکن .................................................................................... .............................................. (مکمل نام اور رہائشی پتہ) کو اس بات کا اختیار دیتے ہیں کہ وہ لاکر نمبر ....................، جس کی چابی نمبر ............ ہے، تک رسائی حاصل کرے، اس میں وقتاً فوقتاً اشیاء جمع کرے اور وہاں سے اشیاء نکالے۔ مذکورہ ایجنٹ کے نمونہ دستخط اس معاہدے کے شیڈول میں درج ہیں۔

Internal

اس قسم کا اختیار کسی بھی کرایہ دار/کرایہ داران کی جانب سے کسی بھی وقت تحریری طور پر منسوخ کیا جا سکتا ہے۔
اصل کرایہ دار/کرایہ داران کی وفات کی اطلاع موصول ہونے کے بعد، بینک کرایہ دار کے ایجنٹ کو لاکر کے کسی بھی قسم کے آپریشن کی اجازت نہیں دے گا۔ اس کے بعد معاملہ یا تو نامزدگی (Nomination) کی بنیاد پر، یا بصورتِ دیگر، متوفی کے دعوے (Death Claim) کے تصفیے کے ذریعے حل کیا جائے گا۔

* یہ شق وہاں قابل اطلاق ہو گی جہاں کرایہ دار/کرایہ داران کسی ایجنٹ کو اپنا لاکر چلانے کا اختیار دیتے ہیں۔

Internal

Internal

2.2.2وہ کرایہ دار جو یہ معاہدہ اپنی ذات کے لیے اور/یا اس نابالغ کی جانب سے، جو کرایہ دار ہے یا کرایہ داران میں سے ایک ہے، بطور سرپرست (Guardian) انجام دیتا ہے، اس بات سے متفق ہے اور اسے بخوبی سمجھتا ہے کہ لاکر کا استعمال اس کی/ان کی اشیاء کو محفوظ رکھنے کے لیے کیا جائے گا۔ مزید یہ کہ کرایہ دار اس بات کا پابند اور معاہد ہوتا ہے کہ وہ اپنی ذاتی حیثیت میں مذکورہ نابالغ کے تئیں جواب دہ اور ذمہ دار ہوگا، اور بینک لاکر کی سہولت فراہم کرنے اور/یا لاکر کے آپریشن کی اجازت دینے کے نتیجے میں پیدا ہونے والی کسی بھی بات کے لیے ذمہ دار نہیں ہوگا۔ **

**یہ شق وہاں قابل اطلاق ہوگی جہاں کرایہ دار یا کرایہ داران میں سے کوئی ایک نابالغ ہو۔

**2.3 بصارت سے محروم افراد کے لیے اضافی شرائط وضوابط**

(اگر قابل اطلاق نہ ہو تو تصدیق کے تحت اسے کاٹ دیا جائے)

2.3.1چونکہ کرایہ دار بصارت سے محروم (Visually Impaired) شخص ہے، اس لیے اس نے بینک سے یہ درخواست کی ہے کہ محفوظ جمع لاکر کو، کرایہ دار کی پسند اور مرضی کے مطابق، یا تو اکیلے،/ اکیلے کسی قابل اعتماد شخص کی معاونت کے ساتھ،/کسی ایسے دوسرے شخص کے ساتھ مشترکہ طور پر چلانے کی اجازت دی جائے جو بصارت سے محروم نہ ہو۔ اس لاکر معاہدے کے تمام مندرجات بینک کے متعلقہ افسران کی جانب سے کرایہ دار کو پڑھ کر سنائے گئے ہیں، کرایہ دار نے ان مندرجات کو بخوبی سمجھ لیا ہے اور وہ ان تمام شرائط سے مکمل طور پر متفق ہے۔

2.3.2چونکہ کرایہ دار بصارت سے محروم شخص ہے، اس لیے اس نے اپنی پسند کے کسی قابل اعتماد شخص کی معاونت حاصل کرنے کا انتخاب کیا ہے، اور اس بات کا عہد کرتا ہے کہ وہ بینک کو اس شخص کا نام اور پتہ، کرایہ دار سے اس کا تعلق (اگر کوئی ہو)، اور اس شخص کی ایک تصویر فراہم کرے گا تاکہ بینک اسے اپنے ریکارڈ کے لیے محفوظ رکھ سکے۔ مزید یہ کہ کرایہ دار اس بات کا بھی عہد کرتا ہے کہ جب بھی نامزد کردہ شخص کرایہ دار کے ساتھ ہوگا، بینک کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ پہلے اس شخص کی شناخت اس کی تصویر اور دستخط کے ذریعے تصدیق کرے، اور بینک کی جانب سے شناخت سے مطمئن ہونے کے بعد ہی کرایہ دار کو لاکر کے استعمال کی اجازت دی جائے گی۔ کرایہ دار مزید اس بات کا بھی عہد کرتا ہے کہ جب ایک شخص کو مذکورہ مقصد کے لیے شناخت کر لیا جائے، تو کرایہ دار کو اس شخص کو تبدیل کرنے کا اختیار حاصل نہیں ہوگا، الا یہ کہ بینک کی جانب سے اس کی اجازت دی جائے یا کرایہ دار کی جانب سے اس ضمن میں باضابطہ درخواست دی جائے اور اسے منظور کیا جائے۔

Internal

3. بینک نے کرایہ دار کو مکمل طور پر آگاہ کر دیا ہے کہ لاکر میں رکھی گئی اشیاء کے لیے بینک کسی بھی صورت میں ذمہ دار نہیں ہوگا۔ لاکر کے اندر انجام دی جانے والی ہر قسم کی کارروائی کرایہ دار اپنے ذاتی ذمہ اور خطرے پر کرے گا، اور بینک مستقبل میں کسی بھی قسم کے دعوے یا مطالبے کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔ مزید یہ کہ لاکر میں کی جانے والی کوئی بھی کارروائی، خواہ وہ کرایہ دار اکیلے انجام دے، یا کسی دوسرے شخص کے ساتھ مشترکہ طور پر، یا اپنی پسند کے کسی قابل اعتماد شخص کی معاونت سے کرے، ہر صورت میں کرایہ دار کے اپنے خطرے پر ہوگی، اور اس سلسلے میں کرایہ دار یا کسی دوسرے شخص کی جانب سے مستقبل میں کیے جانے والے کسی بھی دعوے کے لیے بینک ذمہ دار نہیں ہوگا۔

Internal

Internal

**بینک کے حقوق**

4.1 اگر کرایہ دار/کرایہ داران مقررہ وقت پر لاکر کا کرایہ یا لاکر سے متعلق بینک کی جانب سے برداشت کیے گئے کسی بھی دیگر اخراجات کی ادائیگی نہ کریں، تو بینک کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ ایسی واجب الادا رقم کرایہ دار کے کھاتے میں ڈیبٹ کر کے وصول کرلے؛ اور

لاکر تک رسائی سے انکار

(i) اگر لاکر کا واجب الادا کرایہ بقایا ہو؛ اور

(ii) اگر لاکر تک رسائی حاصل کرتے وقت، بینک کی جانب سے شناخت کا ثبوت طلب کیے جانے پر کرایہ دار/کرایہ داران وہ فراہم کرنے میں ناکام رہیں۔

4.2 **لائسنس کی منسوخی**(Termination)

4.2.1 بینک کو اس معاہدے کے تحت کرایہ دار کی جانب سے کسی بھی خلاف ورزی یا عدم ادائیگی (ڈیفالٹ) کی صورت میں، اور/یا اگر بینک کی رائے میں کرایہ دار تعاون نہیں کر رہا ہے اور/یا اس معاہدے کی شرائط وضوابط کی پابندی نہیں کر رہا ہے، تو کرایہ دار/کرایہ داران کو رجسٹرڈ ڈاک یا اسپیڈ پوسٹ (اور/یا اس کے علاوہ (i): ای میل کے ذریعے، جہاں کرایہ دار کی ای میل آئی ڈی دستیاب ہو؛ اور (ii) ایس ایم ایس اور/یا واٹس ایپ کے ذریعے، جہاں کرایہ دار کا موبائل فون نمبر دستیاب ہو۔) "**تنسیخی نوٹس**(Termination Notice) کے ذریعے کم از کم ایک ماہ کی پیشگی تحریری اطلاع جاری کرنے کے بعد اس معاہدے اور اس کے تحت عطا کردہ لائسنس کو منسوخ کرنے کا حق حاصل ہے۔

4.2.2 تنسیخی نوٹس موصول ہونے پر، کرایہ دار اس نوٹس میں مقررہ مدت ختم ہونے سے قبل فوری طور پر لاکر واپس کرے گا، لاکر کو خالی کرے گا، اور لاکر کھولنے کے لیے بینک کی جانب سے فراہم کردہ تمام چابیاں، پاس ورڈ یا دیگر شناختی طریقۂ کار اور متعلقہ دستاویزات بینک کے حوالے کردے گا۔

Internal

**4.3 لاکر کو توڑ کر کھولنا اور اس کے مواد (contents) سے نمٹنا**

4.3.1 درج ذیل میں سے کسی ایک یا ایک سے زائد واقعات کے پیش آنے کی صورت میں، اس معاہدے کی دفعات، بینک کی داخلی پالیسی (وں) اور طریقۂ کار، اور قابل اطلاق قوانین وضوابط کے مطابق، بینک کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ لاکر کو توڑ کر کھولے اور اس کے اندر موجود اشیاء کے بارے میں مناسب کارروائی کرے:

(a) اگر شق 4.2.1 کے مطابق کرایہ دار/کرایہ داران کو تنسیخی نوٹس جاری کیا جا چکا ہو اور تنسیخی نوٹس میں متعین نوٹس کی مدت کے اختتام کے بعد بھی کرایہ دار/کرایہ داران لاکر کو خالی کر کے بینک کے حوالے نہ کریں۔

(b) اگر مسلسل 3 (تین) برس تک لاکر کا کرایہ واجب الادا رہتا ہے اور ادا نہیں کیا جاتا۔

(c) اگر لاکر 7 (سات) برس یا اس سے زیادہ مدت تک غیر فعال (Inoperative) رہے، خواہ کرایہ ادا کیا گیا ہو یا نہ کیا گیا ہو، اور بینک کرایہ دار/کرایہ داران کا سراغ نہ لگا سکے۔

ایسی صورت میں بینک کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ لاکر کے مواد کو لاکر کے نامزد کردہ شخص یا قانونی وارث کے حوالے کرے یا حالات کے مطابق شفاف طریقے سے اشیاء کو ٹھکانے لگائے، خواہ کرایہ باقاعدگی سے ادا کیا جا رہا ہو۔

Internal

Internal

(d) اگر سرکاری نفاذی ایجنسیاں عدالت یا کسی مجاز اتھارٹی کے احکامات کے ساتھ لاکروں کو ضبط کرنے اور ان تک رسائی حاصل کرنے کے لیے بینک سے رجوع کریں؛ تاہم ایسی صورت میں بینک شق 4.3.2 کے تحت نوٹس دینے کا پابند نہیں ہوگا۔

(e) اگر بینک کی رائے میں لاکر واپس لینا ضروری ہو، کیونکہ لاکر کا کرایہ دار تعاون نہیں کر رہا یا معاہدے کی شرائط و ضوابط کی تعمیل نہیں کر رہا ہے۔

4.3.2 لاکر کو توڑ کر کھولنے کے حق کو استعمال کرنے سے پہلے، لاکر کو توڑ کر کھولنے کی مجوزہ کارروائی **"بریک اوپن نوٹس" (Break open Notice)** کے سلسلے میں بینک کرایہ دار کو (مذکورہ بالا شق 4.2.1 کے تحت دیے گئے تنبیہی نوٹس کے علاوہ) کم از کم ایک (1) ماہ کی پیشگی تحریری اطلاع رجسٹرڈ ڈاک/ اسپیڈ پوسٹ کے ذریعے (اور (i) ای میل کے ذریعے، جہاں کرایہ دار/ کرایہ داران کی ای میل آئی ڈی دستیاب ہو؛ اور (ii) ایس ایم ایس اور/ یا واٹس ایپ کے ذریعے، جہاں کرایہ دار/ کرایہ داران کا موبائل نمبر دستیاب ہو۔) بھیجے گا۔

4.3.3 اس معاہدے میں درج کسی بھی بات کے باوجود، لاکر کو توڑ کر کھولنے سے قبل بینک کرایہ دار/ کرایہ داران سے رابطہ قائم کرنے کے لیے ہر ممکن کوشش کرے گا، جس میں کرایہ دار/ کرایہ داران کے موبائل فون پر پیغامات بھیجنا، کرایہ دار کے پتے پر ذاتی قاصد بھیجنا، اور کرایہ دار کے لینڈ لائن یا موبائل فون پر کال کرنا وغیرہ شامل ہوگا۔

4.3.4 اگر بینک کی جانب سے ارسال کردہ اختتامی (Termination) نوٹس اور مذکورہ بالا طریقے کے مطابق بھیجا گیا بریک اوپن نوٹس بغیر ترسیل کے واپس آ جائے، یا شق 4.3.2 اور 4.3.3 میں بیان کردہ معقول کوششوں کے باوجود بھی کرایہ دار/ کرایہ داران کا سراغ نہ لگایا جا سکے، تو بینک لاکر کو توڑ کر کھولنے سے قبل: کم از کم 2 (دو) اخبارات میں (ایک انگریزی اور دوسرا مقامی زبان میں) کم از کم 1 (ایک) ماہ قبل عوامی اطلاع (Public Notice) شائع کرے گا، یہ اطلاع اسی مقام پر شائع کی جائے گی جہاں کرایہ دار رہائش پذیر ہو، جیسا کہ معاہدے میں درج پتے سے ظاہر ہوتا ہے یا بعد ازاں کرایہ دار/ کرایہ داران کی جانب سے بینک کو فراہم کیا گیا ہو۔

Internal

4.3.5 لاکر کو توڑ کر کھولنے کی کارروائی ایک کمیٹی کی موجودگی میں انجام دی جائے گی، جس میں بینک کے 2 (دو) افسران اور بطور گواہ 2 (دو) آزاد افراد شامل ہوں گے۔ الیکٹرانک طور پر چلنے والے لاکرز (بشمول اسمارٹ والٹس) کے معاملے میں، لاکر کھولنے کے لیے "والٹ ایڈمنسٹریٹر" پاس ورڈ کا استعمال کسی اعلیٰ اہلکار کے سپرد کیا جائے گا، اور رسائی سے متعلق مکمل آڈٹ ٹریل (audit trail) محفوظ رکھا جائے گا۔

4.3.6 لاکر کو توڑ کر کھولنے کے بعد، اور مذکورہ بالا طریقۂ کار پر عمل کرنے کے بعد، بینک لاکر میں موجود تمام اشیاء کی ایک فہرست موجودات (انوینٹری/ inventory) تیار کرے گا اور بینک کے منظور شدہ منظور شدہ ماہر تخمینہ (Approved Valuer) کے ذریعے ان اشیاء کا باقاعدہ تخمینۂ قیمت کروایا جائے گا۔ بعد ازاں لاکر کی تمام اشیاء کو تفصیلی فہرست موجودات کے ساتھ ایک مہر بند لفافے میں رکھ کر آگ سے محفوظ (Fireproof) اور چھیڑ چھاڑ سے محفوظ (Tamper-proof) طریقے سے محفوظ تجوری میں رکھا جائے گا۔

Internal

Internal

4.3.7 مذکورہ بالا کے علاوہ، بینک لاکر توڑ کر کھولنے کے پورے عمل، فہرستِ موجودات کی تیاری اور تخمینہ کاری کے مراحل کی ویڈیو ریکارڈنگ بھی کرے گا، اور اس ریکارڈ کو باقاعدہ طور پر محفوظ اور محفوظ شدہ حالت میں رکھے گا، تاکہ مستقبل میں کسی بھی تنازع یا عدالتی کارروائی کی صورت میں بطور **ثبوت پیش** کیا جا سکے۔

4.3.8 مزید برآں، بینک اس بات کو بھی یقینی بنائے گا کہ لاکر کو توڑ کر کھولنے سے متعلق تمام تفصیلات، لاکر رجسٹر کے علاوہ، بینک کے کور بینکنگ سسٹم (CBS) یا کسی ایسے دیگر کمپیوٹرائزڈ نظام میں درج کی جائیں جو وقتاً فوقتاً آر بی آئی (RBI) کی جانب سے جاری کردہ سائبر سیکیورٹی فریم ورک کے مطابق ہو۔

4.3.9 اوپر بیان کردہ پیراگراف کے مطابق تیار کی گئی فہرستِ موجودات (Inventory) میں درج لاکر کی اشیاء کا تصفیہ یا تو عوامی نیلامی کے ذریعے فروخت کر کے کیا جائے گا، اور فروخت سے حاصل ہونے والی رقم سب سے پہلے بینک کے واجبات (بشمول بقایا کرایہ، لاکر توڑ کر کھولنے کے اخراجات اور دیگر کسی بھی بقایا رقم) کی ادائیگی میں استعمال کی جائے گی۔ باقی ماندہ رقم کرایہ دار/کرایہ داران کو واپس کر دی جائے گی، یا ان کی ہدایت کے مطابق محفوظ رکھی جائے گی، یا کرایہ دار/کرایہ داران کے نامزد شخص یا قانونی وارثوں کو منتقل کر دی جائے گی۔

4.3.10 لاکر کی اشیاء کو عوامی نیلامی کے ذریعے فروخت کرنے سے قبل، بینک کی جانب سے کم از کم ایک ماہ قبل تحریری نوٹس جاری کیا جائے گا، جو رجسٹرڈ ڈاک یا اسپیڈ پوسٹ کے ذریعے (اور/یا (i) ای میل، جہاں کرایہ دار/کرایہ داران کی ای میل آئی ڈی دستیاب ہو، اور (ii) ایس ایم ایس اور/یا واٹس ایپ، جہاں کرایہ دار/کرایہ داران کا موبائل نمبر دستیاب ہو) بھیجا جائے گا۔ مذکورہ نوٹس (**"نیلامی نوٹس"**) میں نیلامی کی تاریخ، وقت، مقام اور لاکر کی اشیاء سے متعلق تیار کردہ فہرستِ موجودات کی ایک نقل شامل ہوگی۔

4.3.11 سرکاری نفاذی ادارے لاکرز کو ضبط کرنے کے لیے عدالت یا مناسب مجاز اتھارٹی کے احکامات کے ساتھ بینک سے رجوع کرتے ہیں اور لاکرز تک رسائی کی درخواست کرتے ہیں، تو بینک کرایہ دار/کرایہ داران کو خط کے ساتھ ساتھ رجسٹرڈ ای میل آئی ڈی یا موبائل نمبر پر ای میل اور/یا ایس ایم ایس کے ذریعے بھی مطلع کرے گا۔

Internal

## 5. بینک کی ذمہ داریوں اور قانونی جواب دہی سے بریّت

5.1 بینک کسی بھی صورت میں لاکر میں موجود اشیاء کے خراب ہونے یا نقصان پہنچنے کا ذمہ دار نہیں ہوگا، خواہ یہ نقصان بارش، سیلاب، زلزلہ، بجلی گرنے، شہری بدامنی یا ہنگامہ آرائی، فساد یا جنگ، کسی دہشت گردانہ حملے، یا کسی اور اسی نوعیت کی وجوہات کے نتیجے میں ہوا ہو۔

5.2 کرایہ دار کی کسی بھی غلطی، کوتاہی یا لاپرواہی، یا اس کے کسی ایسے فعل کے باعث لاکر میں موجود اشیاء کو پہنچنے والے کسی بھی نقصان یا خسارے کے لیے بینک کسی طور ذمہ دار نہیں ہوگا۔

5.3 بینک اس معاہدے کی دفعات کے مطابق اپنے فرائض کی انجام دہی کی صورت میں، خصوصاً لاکر کو توڑ کر کھولنے اور اس کے مواد سے نمٹنے کے عمل کے دوران، کرایہ دار/داران کو پیش آنے والی کسی بھی لاگت، نقصان یا قانونی ذمہ داری (بشمول لاکر کے مواد کو پہنچنے والے کسی بھی نقصان یا ضیاع) کے لیے جواب دہ نہیں ہوگا۔

5.4 مندرجہ بالا کے باوجود، لاکر کے سلسلے میں بینک کی ذمہ داری ہمیشہ نافذ العمل قوانین اور ضوابط کی حدود کے تابع ہوگی۔ محفوظ جمع لاکر کے ضمن میں بینک کی زیادہ سے زیادہ ذمہ داری موجودہ سالانہ کرایہ کی سو گنا رقم تک محدود ہوگی۔

5.5 لاکر میں موجود مواد کو کسی بھی صورت میں بینک کی جانب سے بیمہ شدہ تصور نہیں کیا جائے گا، اور کسی بھی قسم کے خطرے کے خلاف لاکر کے مواد کا بیمہ کرانے کی ذمہ داری بینک پر عائد نہیں ہوگی۔

Internal

Internal

### 6. قانون اور دائرہ اختیار

یہ معاہدہ بھارتی قانون کے تحت طے پایا ہے، اور اس سے پیدا ہونے والے تمام معاملات ان عدالتوں کے دائرۂ اختیار میں آئیں گے جو اس مقام پر واقع ہوں جہاں بینک قائم ہے، یا جس عدالتی حدود میں بینک واقع ہوتا ہے۔

## شیڈول

| | | |
|---|---|---|
| مقام: | | تاریخ: |
| اس معاہدے کے فریقین (PARTIES) | | |
| 1A) | بینک | کینرا بینک (CANARA BANK)، جو کہ بینکاری کمپنیوں (اداروں کے حصول اور انتقال) ایکٹ، 1970 کے تحت قائم ایک قانونی و کارپوریٹ ادارہ ہے، جس کا مرکزی دفتر 112، جے سی روڈ، بنگلورو – 560002 میں واقع ہے، اور جو اس دستاویز کے تحت ذیل میں درج اپنی شاخ کے ذریعے کام کر رہا ہے۔ |
| | شاخ | |
| B) | کرایہ دار | نام اور پتہ: |
| | | 1<br>نام:<br>پتہ:<br>ای میل آئی ڈی:<br>ٹیلی فون نمبر:<br>موبائل نمبر: |
| | | 2<br>نام:<br>پتہ:<br>ای میل آئی ڈی:<br>ٹیلی فون نمبر:<br>موبائل نمبر: |
| | | 3<br>نام:<br>پتہ:<br>ای میل آئی ڈی:<br>ٹیلی فون نمبر:<br>موبائل نمبر: |

Internal

Internal

Internal

| | | |
|---|---|---|
| 2 | کرایہ دار کا ایجنٹ (صرف اس صورت میں جب کرایہ دار/کرایہ داران فردِ واحد ہوں) (اگر قابل اطلاق ہو) | نام:<br>پتہ:<br>ای میل آئی ڈی:<br>ٹیلی فون نمبر:<br>موبائل نمبر: |
| 2A | کرایہ دار کے ایجنٹ کے نمونے کے دستخط | |
| 3 | لاکر کی تفصیل | لاکر نمبر |
| | | چابی نمبر |
| | | درجہ/سائز/قسم |
| 4 | لاکر کرایہ فی سال | روپے(اعداد میں): ________________________________<br>روپے(الفاظ میں):________________________________<br>(جیسا کہ وقتاً فوقتاً نظر ثانی کی جاسکتی ہے) |
| 5 | لائسنس کی مدت | اس معاہدے کی تاریخ سے 1 (ایک) سال کے لیے، جو اس ایک سال کی مدت کے اختتام پر خود بخود ہر بار مزید 1 (ایک) سال کے لیے توسیع پاتا رہے گا، تاوقتیکہ اس معاہدے کی شرائط کے مطابق اسے ختم نہ کر دیا جائے۔ |
| 6 | طریقۂ استعمال کی ہدایت (OPERATING MANDATE) | Internal |
| 7 | کوئی اور شرط | |
| 8 | کرایہ کی وصولی کے لیے CASA اکاؤنٹ نمبر | |

Internal

Internal

**اس کے ثبوت کے طور پر**،اس معاہدے کے فریقین نے اس معاہدے پر دستخط کر کے اسے نافذ کیا ہے۔

**برائے کرایہ دار/ کرایہ داران**

| | 1 | 2 | 3 |
|---|---|---|---|
| **دستخط** | | | |
| **نام** | | | |
| **عہدہ/ حیثیت*** | | | |

Internal

* (ایسے معاملات میں جہاں کرایہ دار غیر شخصی(ادارہ/ کمپنی وغیرہ) ہو یا ذاتی طور پر دستخط نہ کر رہا ہو)

| |
|---|
| **برائے بینک[بینک کا نام/ شاخ کا نام]:** |
| **مہر اور ایس پی نمبر(SP No.) کے ساتھ دستخط:** |
| **دستخط کنندہ کا نام:** |
| **عہدہ:** |

Internal

Internal

بینکنگ ریگولیشن ایکٹ، 1949 کی دفعہ 45ZE اور بینکنگ کمپنیاں (نامزدگی) قواعد، 1985 کے قاعدہ (2)4 / (1)4 کے تحت واحد کرایہ دار/ مشترکہ کرایہ داران کی جانب سے نامزدگی۔*

☐ میں/ہم، (نام اور پتہ)، ذیل میں مذکور شخص/اشخاص کو نامزد کرتا/کرتی ہوں/کرتے ہیں، تاکہ میری/ہماری/نابالغ/ہم میں سے ایک یا ایک سے زیادہ کی وفات کی صورت میں، (جس شاخ/دفتر میں لاکر واقع ہے، اس کا نام اور پتہ) انہیں مذکورہ لاکر تک رسائی کی اجازت دے اور لاکر میں موجود اشیاء (جن کی تفصیل ذیل میں دی گئی ہے) نکالنے کی آزادی فراہم کرے۔ یہ اختیار ہم میں سے زندہ بچ جانے والے فرد/افراد کے ساتھ مشترکہ طور پر ہوگا: *

امتیازی نشان یا لاکر نمبر__________

نامزد__________

نام__________

پتہ__________ نامزد کا آدھار نمبر: (اختیاری) ☐☐☐☐☐☐☐☐☐

__________

اضافی تفصیلات اگر کوئی ہو__________

کرایہ دار کے ساتھ رشتہ، اگر کوئی ہو تو: __________ عمر: __________

☐ میں نامزدگی کا انتخاب نہیں کرنا چاہتا

جگہ:

تاریخ: کرایہ دار کے دستخط/ انگوٹھے کا نشان**

گواہ

نام__________

__________ دستخط__________

__________ پتہ__________

__________

*جو لاگو نہ ہو اسے کاٹ دیں۔

**اگر لاکر صرف نابالغ کے نام پر لیا گیا ہو تو نامزدگی پر نابالغ کی طرف سے قانونی طور پر عمل کرنے کے مجاز شخص کے دستخط ہونا ضروری ہیں۔

***انگوٹھے کے نشان کی تصدیق دو گواہوں کے ذریعہ کی جائے گی۔

---

نامزدگی/ منظور اور رجسٹر کی گئی، رجسٹریشن نمبر__________ : __________تاریخ__________

Internal

برائے کینرا بینک

سپروائزر

مینیجر / سینئر مینیجر

Internal